**INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL, DAMMAM**

**QUESTIONS COMPILED FROM PREVIOUS YEARS BOARD PAPERS**

| SUBJECT: URDU (COURSE-B) | CODE(303) | CLASS : 10 |
| --- | --- | --- |

## (حصہ-الف)

## SECTION (A)

**سوال1: مندرجہ ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے-**

(الف)

لین شو کے تمام خیالات اپنی آخری امید یعنی آسمانی امداد کے گرد گھومتے رہے-اس کو بچپن ہی سے یہ تعلیم دی گئ تھی کہ سب کا پالن ہار بڑا رحیم اور کریم ہے-انسان کے دل کی گہرائیوں کی بات جانتا ہے-

لین شو اپنے کھیوں میں بیلوں کی طرح کام کرتا تھا-وہ کچھ لکھنا پڑھنا بھی جانتا تھا- آئندہ اتوار تک اس نے اپنے آپ کو اس بات کا پختہ یقین دلا دیا کہ ایک ان دیکھی محافظ ہستی موجود ہے اس یقین کے بعد اس نے خدا کے نام ایک خط لکھنا شروع کیا-

"یاربی"

اگر تو نے میری مدد نہیں کی تو میں اور میرا کنبہ اس سال فاقوں کا شکار ہو جائیں گے-اس وقت ایک سو روپیوں کی اشد ضرورت ہے-تاکہ میں کھیتوں کی حالت دوبارہ ٹھیک کر سکوں اور ان میں بُوائی کر سکوں اور نئ فصل کی کٹائی تک زندہ بھی رہ سکوں کیوں کہ ژالہ باری نے ساری فصل تباہ کر دی ہے-

1- درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

2- اپنے کھیوں میں بیل کی طرح کون کام کرتا تھا؟

3- لین شو کے خیالات کس کے گرد گھومتے تھے؟

4- ژالہ باری سے لین شو کا کیا نقصان ہوا؟

5- لین شو نے خط کے ذریعے کتنی رقم طلب کی تھی؟

(ب)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز اُسی خانہ خراب کی سی ہے

میر اُن نیم باز آنکھوں میں

ساری مستی شراب کی سی ہے

1- یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

2- شاعر نے ہستی کو کس سے تشبیہ دی ہے؟

3- 'خانہ خراب' شاعر نے کس کو کہا ہے؟

4- 'اضطراب' کے کیا معنی ہیں؟

5- اس شعری حصے کے آخری شعر کو کیا کہیں گے؟

**سوال 2: درج ذیل غیر درسی اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان پر مبنی سوالات کے جواب لکھیے-**

"اردو افسانہ نگاروں میں کرشن چندر کی مقبولیت اپنی مثال آپ تھی- 23 نومبر 1914 کو وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ پنجاب میں پیدا ہوئے- ان کے والد ڈاکٹر گوری شنکر بھرت پور اور پونچھ میں ملازم تھے- کرشن چندر کی ابتدائی تعلیم پونچھ (جموں کشمیر) میں ہوئی- 1930 کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے لاہور آ گئے اور فورمین کرسچین کالج میں داخلہ لے لیا- 1934 میں پنجاب یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم-اے کیا- ان کی ادبی زندگی صحیح معنوں میں "ادبی دنیا لاہور" سے شروع ہوئی جہاں صلاح الدین احمد نے ان کی بے حد حوصلہ افزائی کی- اسی زمانے میں کرشن چندر کو آل انڈیا ریڈیو لاہور میں ملازمت مل گئی اور سال بھر میں دہلی اور پھر لکھنؤ تبادلہ ہو گیا- لکھنؤ اس زمانے میں ترقی پسند تحریک کا مرکز تھا- لکھنؤ میں تھے کہ شالیمار پکچرز کے لیے مکالمے لکھنے کی دعوت ملی اور وہ استعفادے کر پونا چلے گئے- بعد میں مستقل طور پر بمبئی آ گئے- 1969 میں حکومتِ ہند کی طرف سے "پدم بھوشن" کا اعزاز عطا ہوا- "

1- کرشن چندر کون تھے؟

2 - کرشن چندر کے والد گوری شنکر کہاں ملازم تھے؟

3 - کرشن چندر کہاں پیدا ہوئے؟

4- کرشن چندر نے کہاں کہاں ملازمت کی؟

5- حکومت ہند نے کرشن چندر کو "پدم بھوشن" کا اعزاز کب عطا کیا؟

(ب)

جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں

یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ

یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں

پروانہ اک پتنگا، جگنو بھی اک پتنگا

وہ روشنی کا طالب، یہ روشنی سراپا

1- کاشانہ چمن میں کس کی روشنی ہے؟

2- شمع کہاں جلتی ہوئی معلوم ہو رہی ہے؟

3- کس چیز میں جان پڑ گئی ہے؟

4- روشنی کا طالب کون ہے؟

5- روشنی سراپا کس کو کہا گیا ہے؟

## SECTION B (حصہ-ب)

**سوال3: مندرجہ ذیل عنوان پر کم سے کم ۲۵۰/ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے-**

**میری پسندیدہ شخصیت**

**سوال4: اپنے اسکول پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرنے کے لیے درخواست لکھئے-**

**یا**

**اپنے والد کو خط لکھ کر ان سے سالانہ فیس کی رقم بھیجنے کی درخواست کیجیے-**

**سوال5: منشی پریم چند کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے-**

**یا**

**سبق "ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر" کا خلاصہ لکھیے-**

**سوال6: "تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا" اس مصرعے کی روشنی میں لکھیے، اسمٰعیل میرٹھی نے اپنی نظم میں کیا پیغام دیا ہے؟**

**یا**

**نظم "نیکی اور بدی" کا خلاصہ تحریر کیجیے-**

## (SECTION C) (حصہ-ج)

**سوال7: درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے-**

1 - ' رابطہ ' کی علامت کیا ہے؟

(ا) ؟ (ب) " " (ج) - (د) :

2- ' شکست ' کا متضاد کیا ہے؟

(ا) دور (ب) فتح (ج) گاؤں ( د)شکستہ

3- "سوہن کھیل رہا تھا" اس جملے میں زمانہ ہے-

(ا) حال (ب) مستقبل (ج) ماضی ( د)تینوں جواب صحیح ہیں

4- "ندیم پڑھتا ہے" اس جملے میں ہے-

(ا) فعل مجہول (ب) فعل متعدی (ج) فعل معروف ( د)فعل لازم

5- کون سا لفظ اسم عام ہے-

(ا) کرسی (ب) کلکتہ (ج) جامع مسجد دہلی ( د) تاج محل آگرہ

6 - " بدن" کا مترادف کیا ہے؟

(ا) جسم (ب) انسان (ج) آدمی ( د) بڑا

7- 'سلاطین' کا واحد کیا ہے؟

(ا)سلطنت (ب) سلطان (ج)سلطانہ ( د) سطر

8- درج ذیل الفاظ میں سے کس میں لاحقہ استعمال ہوا ہے؟

(ا)خوش قسمت (ب) بروقت (ج)بے کار ( د)عقل مند

**سوال8: درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے-**

جیسی کرنی ویسی بھرنی، آسمان سر پر اُٹھانا، دل بھر آنا ، نیچا دکھانا

**(حصہ – د)**

**(SECTION D) (حصہ – د)**

**سوال9: درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے-**

1- "زبانوں کا گھر ہندوستان" میں ہندوستان کی کیا کیا خصوصیات بتائی ہیں؟

2- بھیم راؤ کے نام میں امبیڈکر کیوں شامل ہوا؟

3- لین شو نے اپنے پہلے خط میں خدا کے نام کیا لکھا؟

**سوال10: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے-**

1- بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

2- اتّر بھارت میں کون سے پراکرت بولی جاتی تھی؟

**سوال11: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے-**

1- ظالم کو ظلم کی کیا سزا ملتی ہے؟

2- میر تقی میر نے انسانی زندگی کی کیا حقیقت لکھی ہے؟

**سوال 12: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے۔**

1- نظم 'نیکی اور بدی' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

2- نظم 'حمد' میں لفظ 'کارخانہ' سے کیا مراد ہے؟

*** ختم شد ***

Prepared by : Zeenathunnisa ( GSS)